نمبر ۱۱
جلد ۲۱

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ شوال سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۹ عیسوی

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۹ع

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی دو ماہ عزیز اللہ خان منصرم گاؤخانہ بوجہ علالت اہلیہ نامبردہ بکارگزاری عزیز حسن خان نائب منصرم گاؤخانہ۔

حکم

بموجب رپورٹ عزیز اللہ خان منصرم گاؤخانہ کی ایک ماہ کی رخصت رعایتی منظور ہوئی کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نکل صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۸ فروری سنہ ۱۹۲۹ع

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر۔

رخصت

۵ مارچ سنہ ۱۹۲۹ع

مثبتہ تحریر جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر دربارہ منظور فرمائے جانے رخصت مرحمہ منشی مقصود علی خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل۔

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
	رخصت منصرم گاؤخانہ	۱
۲-۱	رخصت نائب تحصیلدار حضور تحصیل	۲
۲	[illegible]	۳
۲	[illegible]	۴
۳	[illegible]	۵
۳	اطلاع [illegible]	۶
ضمیمہ	نقل [illegible]	۷

حکم

مقصود علیخان نائب تحصیلدار کی رخصت مزید من ابتداء ۲۰ فروری لغایت ۲۰ روز کی نصف حال منظور ہوئی۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک دربارہ منظوری رخصت یکماہ سید عابد حسین گرداور قانونگو سے تحصیل ملک بانتظام و بعوض سابق بوجہ بقاء علالت۔

حکم

باتفاق رپورٹ تحصیلدار صاحب بوجہ تصدیق معالج یکماہ کی مزید رخصت من ابتداء ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۹ء با انتظام سابقہ منظور ہوئی۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۹ مارچ سنہ ۱۹۲۹ء

مدرسہ تحصیل بلاسپور میں بوجہ برخاستگی معین الدین مدرس دوم کی جگہ خالی ہوئی ہے خورشید علی درخواست گذار تربیت یافتہ ہے اور اردو بامحاورہ میں انگریزی کی تعلیم یافتہ ہے انکا تقرر اس جگہ پر مناسب ہے۔ لہذا خورشید علی کا تقرر مدرسہ تحصیل بلاسپور میں بمشاہرہ ماہوار تنخواہ اور دو روپیہ ماہوار الاؤنس مستقل مقررہ پر تقرر کیا گیا۔ اور نامبردہ کو دو روپیہ ماہوار الاؤنس بطور خاص ملیگا۔ اس طرح کل تنخواہ و الاؤنس روپیہ ماہوار نامبردہ کو ملیگی۔ لہذا

حکم ہے کہ

محض حکم بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۹ مارچ سنہ ۱۹۲۹ء

علی احمد مدرس مدرسہ تحصیل ملک بوجہ عدم حاضری مدرسہ و خرابی کام کم مارچ سنہ ۱۹۲۹ء سے برخاست کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

محض حکم بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۷ مارچ سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر موسومہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ اطلاع اس امر کے کہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم کے حکم سے ارشاد ہوا ہے کہ محمد قادر خان محرر فیلخانہ کی تنخواہ میں روپیہ ماہوار اضافہ کر دیا جائے۔

حکم

تین روپیہ ماہوار تنخواہ قادر خان محرر فیلخانہ میں اضافہ کرکے بیس روپیہ ماہوار مقرر کئے گئے۔ احکام حسب ضابطہ جاری ہوکر داخل دفتر ہو۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۴ تا ۲۰ ہفتہ سویم ماہ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گوشت درم	۶ ۱۰ر ۵ ۱۰ر ۱۰۰			۵ ۱ر ۵ ۱۰ر		۵ ۱ر	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۵ ۱۰ر ۵ ۱۰ر			۵ ۱ر		۵ ۱ر	
نخود آمیز	۵ ۰ ۱ر			۵ ۰ ۱ر		۵ ۰ ۱ر	
کسہ	۵ ۰ ۱ر			۵ ۰ ۱ر		۶ ۱ر	
ماش	۵ ۱ر			۵ ۱ر		۵ ۱ر	
مونگ	۳ ۱ر			۰		۳ ۱ر	
مکا	۷ ۱ر			۶ ۱ر		۶ ۱ر	
جئی	۷ ۰ ۱ر			۰		۱۳ ۱ر	
گوجئی	۵ ۰ ۱ر			۰		۹ ۱ر	
عدس	۵ ۱۰			۰		۶ ۱ر	
ارہر	۰ ۶ ۱ر			۰		۶ ۱ر	
برنج	۳ ۱ر ۳ ۱۰ر			۳ ۱۰ر		۳ ۱۰ر	
روغن زرد	۵ ۰ چھٹانک			۰ ۲ ۱ر		۰ ۲ ۱ر	
روغن سیاہ	۱ ۰ ۱ر			۱ ۰ ۲ ۱ر		۱ ۰ ۱ر	
روغن کنجد	۱ ۱ر			۱ ۱ر		۱ ۰ ۱ر	
نمک سانبھر	۱۲ ۱ر			۱۱ ۱ر		۱۲ ۱ر	
نمک لاہوری	۶ ۱ر			۰		[illegible]	
قند سیاہ	۶ ۰ ۱ر			۶ ۱ر		۵ ۰ ۱ر	
باجرہ	۵ ۰ ۱ر			۰			